I PRACTICE TEST

Sub : Urdu

Std : X

M.Marks : 20

Time : 1 hrs

سوال نمبر۱ : درج ذیل درسی اقتباس کا بغور مطالعہ کر کے نیچے دی ہوئی سرگرمیاں مکمل کیجیے۔

02 سرگرمی الف ۔ ۱ : ویب خاکہ مکمل کیجیے۔

حضرت سلمان فارسیؓ نے

تلاشِ حق میں سفر کیا اصفہان سے



ایک دن کا ذکر ہے کہ حضرت سلمانؓ کے والد نے کسی کام کے لیے انھیں کھیت میں جانے کے لیے کہا۔ کھیت کے راستے میں ایک گرجا گھر تھا۔ حضرت سلمانؓ کھیت جانے کے بجائے اس گرجا گھر میں چلے گئے اور دیر شام تک وہیں رہے۔ گرجا گھر کے رسومات اور طریقے سے وہ بہت متاثر ہوئے۔ گھر لوٹ کر ساری روداد اپنے والد کو سنائی۔ یہ سن کر وہ بہت برہم ہوئے اور حضرت سلمانؓ کے پیروں میں بیڑیاں ڈال دی۔

حضرت سلمانؓ کسی طرح ان بیڑیوں سے آزاد ہوئے اور ایک عیسائی قافلے کے ساتھ ملکِ شام چلے گئے۔ وہاں مختلف پادریوں کی خدمت کر کے انھوں نے عیسائی مذہب کی تعلیمات حاصل کیں۔ جب کسی پادری یا راہب کا انتقال ہو جاتا، حضرت سلمانؓ دوسرے کے پاس چلے جاتے۔ اس طرح انھوں نے اصفہان سے شام، نینوا اور عموریہ تک سیکڑوں میل کا سفر طے کیا اور تلاشِ حق کی خاطر کڑی مصیبتیں برداشت کیں۔ بالآخر عموریہ کے راہب نے انھیں یہ بتایا کہ عنقریب حضرت ابراہیمؑ کا دین لے کر ایک نبی مبعوث ہوگا۔ وہ کھجوروں والی زمین کی جانب ہجرت کرے گا۔ اس کے ماننے والے پروانوں کی مانند اس کے اطراف جمع رہیں گے۔ تم اس کی ظاہری نشانیوں سے اسے پہچان لوگے۔ اے سلمان! سُن، اس کی نشانی یہ ہوگی کہ وہ صدقے کا مال نہیں کھائے گا۔ وہ ہدیہ قبول کرے گا اور اس کے شانوں کے درمیان نبوت کی مہر ہوگی۔

حضرت سلمان فارسیؓ اب کھجوروں والی زمیں تک پہنچنے کے لیے بے قرار رہنے لگے۔ انھوں نے لوگوں سے اس سرزمین کے متعلق دریافت کیا تو پتا چلا کہ یہ عرب کی ایک بستی مدینہ ہے۔

سوال نمبر۱ : الف۔۲ حضرت محمدؐ کی تین نشانیاں جن کا ذکر عیسائی راہب نے حضرت سلمان فارسیؓ سے کیا تھا، ترتیب وار لکھیے۔ 02

سوال نمبر۱ : الف۔۳ پہلی جوڑی کے درمیان تعلق پہچان کر دوسری جوڑی مکمل کیجیے۔ 02

۱ ۔ عیسائی : گرجا گھر -- مسلمان : ------------

۲ ۔ تعلیم : تعلیمات -- عبادت : -------------

سوال نمبر۱ : الف ۔ ۴ حضرت سلمان فارسیؓ کے عیسائی مذہب کی طرف راغب ہونے کے بارے میں اپنی رائے بیان کیجیے۔ 02

02 سوال نمبر۲ : درج ذیل نظم کا بغور مطالعہ کر کے نیچے دی ہوئی سرگرمیاں مکمل کیجیے۔

سرگرمی الف ۔ ا

ا) دیے ہوئے الفاظ کی مناسبت سے چوکون مکمل کیجیے۔

i) سپیدی ⟵ [ ]

ii) شفقت ⟵ [ ]

iii) ہمسر ⟵ [ ]

vi) تاراج ⟵ [ ]

صبحِ صادق کی سپیدی تری عظمت کا نشاں	سجدہ کرتا ہے جسے شب کا اندھیرا ، تو ہے
تجھ سے بڑھ کر کوئی شفقت نہیں کرنے والا	تیرا ہمسر ہے نہ ثانی کوئی ، یکتا تو ہے
تو جسے چاہے اُسے تخت دے ، تاراج کرے	ملک تیرا ہے ، حکومت تری ، آقا تو ہے
سیکڑوں بار ہوا یوں ، مجھے ٹھوکر بھی لگی	میں گرنے سے ہوں محفوظ ، سہارا تو ہے
جب مدد کے لیے موجود کہیں کوئی نہ تھا	دل نے اُمید جگائی ، مرے مولا ، تو ہے

02 سوال نمبر۲ : سرگرمی الف ۔ ۲ سائنس کی روشنی میں اس مصرع کی وضاحت کیجیے۔

ع رات اور دن ہیں پروئے ہوئے موتی کی طرح

02 سوال نمبر۲ : سرگرمی الف ۔ ۳ نظم سے صنعتِ تضاد کے اشعار نقل کیجیے اور متضاد الفاظ کو کشید کیجیے۔

02 سوال نمبر۲ : سرگرمی الف ۔ ۴ نظم میں بیان کی گئی اللہ تعالیٰ کی صفات کو تحریر کیجیے۔

حصہ قواعد

04 ا) ہدایت کے مطابق عمل کیجیے۔

i) مجھے تو روزانہ پانچ روپے ملتے ہیں۔ (صفتِ عددی پہچانیے)

ii) واوٴ عطف کے دو الفاظ لکھیے۔

iii) تمہارا بھائی دہلی میں مجسٹریٹ ہے۔ (مبتدا اور خبر پہچانیے)

iv) کسی ایک محاورے کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔

ا) رنگ لانا ۲) نیچا دکھانا

☆☆☆☆☆

Scanned with CamScanner